# P£ÁðlP ¥ËqsÀ²PÀët ¥jÃPÁë ªÀÄAqÀ½
ªÀÄ¯ÉèñÀégÀA, ¨ÉAUÀ¼ÀÆgÀÄ-560003.

# KARNATAKA SECONDARY EDUCATION EXAMINATION BOARD
Malleshwaram, Bengaluru - 560003.

## 2020-21 ¸Á°£À ªÀiÁzÀj ¥Àæ±Éß ¥ÀwæPÉ - 2
## 2020-21 MODEL QUESTION PAPER-2
## ±Á¯Á C¨sÀåyðUÀ½UÉ
## REGULAR FRESHERS

| | |
|---|---|
| **«µÀAiÀÄ: ¥ÀæxÀªÀÄ ¨sÁµÉ - GzÀÄð** | **«µÀAiÀÄ ¸ÀAPÉÃv: 12-U** |
| **SUBJECT: FIRST LANGUAGE-URDU** | **SUBJECT CODE:12-U** |
| **CªÀ¢ü : 3 UAmÉ 15 ¤«ÄµÀ** | **UjµÀÖ CAPÀUÀ¼ÀÄ :100** |
| **TIME:3:15 HOURS** | **MAX MARKS :100** |

---

## ¥jÃPÁëyðUÀ¼ÉV ¸ÁªÀiÁ£Àå ¸ÀÆZÀ£ÉUÀ¼ÀÄ :

**عام ہدایات:**

1. سوالی پرچہ معروضی اور موضوعی قسم کے سوالات پر مشتمل ہے جس میں 45 سوالات ہیں۔
2. اس سوالی پرچہ کو سر بمُہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کانٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالی پرچہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

**I.** درج ذیل سوالات کے چار متبادل دئے گئے ہیں صحیح جواب منتخب کر کے لکھئے: **6x1=6**

1. چار مصرعوں پر مشتمل نظم کہلاتی ہے۔

A. حمد

B. نعت

C. رباعی

D. غزل

2. مفرد جملے کی قسمیں ہیں۔

A. تین

B. دو

C. چار

D. پانچ

3. ''رات گزاری'' یہ جملہ مفرد جملہ کہلاتا ہے، کیونکہ

A. اس میں صرف دو الفاظ ہیں

B. یہاں مختصر بات کہی گئی ہے

C. ''رات'' واحد لفظ ہے

D. اس میں صرف ایک مسند اور ایک مسند الیہ ہے۔

4. کسی شعر میں ایک ہی لفظ کو بار بار دہرانا کہلاتا ہے۔

A. صنعت تلمیح

B. صنعت تضاد

C. صنعتِ تکرار

D. صنعت تشبیہہ

5. اُردو شاعری کی مقبول ترین صنف ہے۔

A. غزل

B. مرثیہ

C. قطعہ

D. رباعی

6. ان جملوں میں جملۂ فعلیہ ہے۔

A. ہندوستان مختلف تہذیبوں کا گہوارہ ہے۔

B. اُردو شیریں زبان ہے۔

C. ندیاں زمین کو سیراب کرتی ہیں۔

D. نوجوان ملک کی طاقت ہیں۔

**II. پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے۔** **4x1=4**

7. برباد : آباد : : فنا: __________

8. ہدایت کرنے والا : ہادی : : جان قربان کرنے والا : __________

9. لاعلم : سابقہ : : دواخانہ : __________

10. جوہر: جواہر : : رکن : __________

**III. درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے۔** **7x1=7**

11. حجۃ الوداع کے موقعہ پر مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟

12. رگھوپتی سہائے فراقؔ یونیورسٹی میں کونسا مضمون پڑھایا کرتے تھے؟

13. آنکھیں کس نے دان کی تھی؟

14. امیر خسرو کے والد کونسے قبیلے سے تعلق رکھتے تھے؟

15. صبر کی ہدایت کیوں کی گئی؟

16. دنیا کے نقشہ پر کھینچی لکیریں کسی بات کا اِشارہ ہیں؟

17. اعجازؔ احسنی نے سماج کی کونسی برائی کی طرف اشارہ کیا ہے؟

**IV. درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے:** **10x2=20**

18. غلام اور خدّام کے حُسنِ سلوک کے بارے میں آپؐ نے کیا ارشاد فرمایا؟

19. قاضی عبدالودود نے کملا نہرو کے اُردو شغف کے بارے میں کیا کہا؟

20. بھرت نارائن جی کی روح کیوں مسکرا رہی تھی؟

21. ودیا چرن جی کون تھے اور ان کا کارنامہ کیا تھا؟

22. امیر خسرو کو قومی یکجہتی کا پیامبر کیوں کہا جاتا ہے؟

23. حضورِ اکرم ﷺ کی آمد سے قبل دنیا کا کیا عالم تھا؟

24. حضور ﷺ کا نام آتے ہی شاعر کیسا محسوس کرتا ہے؟

25. شاعر بچپن کے بہلاوئے کی باتوں کو حسین جھوٹ کیوں کہتا ہے؟

26. ''سرحدوں کا جال''نظم میں شاعر کیا کہنا چاہتا ہے؟

27. شادؔ عظیم آبادی اپنی رباعی میں زمانے کی گردش کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟

**V.** **درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھیۓ ۔** **11x3=33**

**متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجیۓ۔**

28. ''جو یہاں موجود ہے وہ اس پیغام کو اس تک پہنچادے جو یہاں نہیں''

29. ''اُردو یا ہندی کے خطوط سنسر والے روک لیتے ہیں''

30. ''بھائیو! ہم ماضی کے کھنڈروں میں تاریخ کے آثار دیکھ رہے ہیں''

**درجِ ذیل نثر نگار کا تعارف لکھیۓ۔**

31. محمود رفیع انصاری

**درجِ ذیل شاعر کا تعارف لکھیۓ۔**

32. میر انیسؔ

**درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجیۓ۔**

33. اے شوقِ نظارہ کیا کہئے ، نظروں میں کوئی صورت ہی نہیں
اے ذوقِ تصور کیا کیجیۓ، ہم صورتِ جاناں بھول گئے

34. منزل نہیں کوئی نہ سہی رہ گذر تو ہے
پہلے بھی اپنے قدموں کو بہلا چکے ہیں ہم

35. نہ سنو ،گر بُرا کہئے کوئی
نہ کہو ،گر بُرا کرے کوئی

**درجِ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیۓ۔**

36. درج ذیل سابقوں کی مدد سے ایک ایک مرکب لفظ بنائیۓ

i] بے

ii] پُر

ii] لا

37. غزل کی تعریف کرتے ہوئے مطلع اور مقطع کے فرق کو واضح کیجئے۔

38. فعلِ متعدی کی تعریف مع مثال لکھئے۔

یا

مرکب جملہ کی تعریف کرتے ہوئے اس کی ایک مثال دیجئے۔

**VI. درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے:** **5x4=20**

39. اپنی نصابی کتاب سے ڈاکٹر صغریٰ عالم کی لکھی ''حمد'' کے کوئی چار اشعار زبانی لکھئے۔

یا

اپنی نصابی کتاب سے ماہر القادری کی لکھی ہوئی نعت کے کوئی چار اشعار زبانی لکھئے۔

40. کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے۔

i] جگنو ii] مرثیہ

41. میدانِ عرفات میں حضور اکرم ﷺ نے حسنِ معاشرت سے متعلق کیا ارشاد فرمایا؟

42. امیر خسرو کی شاعرانہ اور فنکارانہ صلاحیتوں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

یا

ودیا چرن جی نے آپریشن کے بعد کی تقریر میں بھارت سے متعلق کیا کہا؟

43. درجِ ذیل عبارت کو غور سے پڑھ کر نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔

البیرونی کا پورا نام ابُو ریحان محمد بن احمد البیرونی ہے۔ البیرونی ایک مفکر مورخ، سیّاح، جغرافیہ دان، ماہر لیسانیات، ریاضی دان ، ماہر نجوم، ماہر فلکیات، ماہر طبیعات، ماہر معدنیات، فلسفی اور شاعر تھے۔ ان کی مادری زبان فارسی تھی۔ البیرونی سترہ سال کی عمر میں ہی کئی سائنسی تجربے کئے اور فلکیات اور ریاضی میں مہارات حاصل کرلی۔ آپ کی قابلیت وصلاحیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ سلطان محمود غزنوی نے جب خوارزم فتح کیا تو البیرنی کو اپنے ساتھ لے لیا۔

سلطان محمود غزنوی نے جب ہندوستان فتح کیا تو، البیرونی کو ہندوستان میں داخل ہونے کا ایک سنہرا موقع مل گیا۔ یہاں انہوں نے ہندوستانی زبانوں، تمدّنوں، مذاہب، فلسفہ وغیرہ کا نہایت باریک بینی سے مطالعہ کیا۔

البیرونی نے تقریباً 146 کتابیں تصنیف کی ہیں۔ البیرونی سے متعلق ایک جرمن مُفکر کا قول ہے کہ ان کی تصانیف میں ان کی تخلیق کا دائرہ اتنا وسیع ہے کہ ''ان کے بیان کے لئے کئی نسلیں درکار ہیں''۔

سوالات:

i] البیرونی کون تھے؟

ii]  البیرونی کس کے ہمراہ ہندوستان آئے؟ یہاں انہیں کیا فائدہ پہنچا؟

**VII.  خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درج ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے۔**  **1x5=5**

44. اپنے دوست/سہیلی کے نام خط لکھئے۔ جس میں سالانہ امتحان کی تیاری کا ذکر ہو۔

یا

اپنے میر مدرس کے نام ایک خط تحریر کیجئے جس میں کوئی وجہ بتا کر دو دن کی چھٹی طلب کی گئی ہو۔

**VIII.  کسی عنوان پر تفصیلی مضمون لکھئے:**  **1x5=5**

45. i]  کووڈ19 ۔ وبا کی تباہ کاریاں

ii]  سوشیل میڈیا (سماجی رابطے) کے فائدے اور نقصانات